# 8 کون کس سے بھاری؟

## گڑ اور مونگ پھلی

شبنم کو گڑ اور مونگ پھلیاں کھانا بہت اچھا لگتا تھا۔ایک دن اس نے ایک کلو گرام گڑ اور ایک کلو گرام مونگ پھلیاں خریدیں۔

(آپ جانتے ہیں کہ کلو گرام کو کلو بھی لکھتے ہیں۔)

* کیا واقعی مونگ پھلیاں گڑ سے وزن میں زیادہ ہیں یا صرف نظر آ رہی ہیں۔

(1) ایک کلو گرام مکا کی کھیلیں (پوپ کارن) یا ایک کلو گرام شکر؟

(2) ایک کلو گرام مٹر یا ایک کلو گرام آلو؟

بازار جایئے اور دیکھیے کہ آپ کا انداز کتنا درست ہے۔

## کدو اور ٹماٹر کا پنگا

یہ کھیل کا ایک میدان ہے جہاں روزانہ ٹماٹر کھیلنے آتے ہیں۔ ان کو سی۔ سا جھولے پر کھیلنا بہت اچھا لگتا ہے۔ ایک دن جب وہ کھیل رہے تھے تو ایک بڑا سا کدو آیا اور سی۔ سا کے ایک کنارے پر بیٹھ گیا۔ جب وہ بہت دیر تک نہیں اٹھا تو ٹماٹروں نے مل کر طے کیا کہ ہم دوسری طرف بیٹھ جاتے ہیں اور کدو کو اوپر اٹھاتے ہیں تا کہ وہ گر جائے۔

چھوٹے ٹماٹروں نے کود کود کر دوسری طرف بیٹھنا شروع کر دیا۔ 1,2,3,4,5......25

ارے! کدو تو ابھی تک دوسری طرف بیٹھا ہوا ہنس رہا ہے۔

اب بڑے ٹماٹروں نے سوچا چھوٹے ٹماٹروں کی مدد کرنی چاہیے۔ چھوٹے ٹماٹر نیچے اتر آئے اور بڑے ٹماٹروں کے لیے جگہ خالی کر دی۔

1,2,3,4,5....20



واہ! کدو تو اوپر ہوا میں ہو گیا۔ وہ چیخا مجھے نیچے اتارو۔ مجھے نیچے اتارو۔




عام بول چال کی زبان میں 'پنگا' لفظ کسی جھگڑے یا مصیبت کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ اس لفظ کو جان۔ بوجھ کر اس لئے رکھا گیا ہے کیونکہ کچھ ایسے الفاظ کو بولنے میں بچوں کو مزا آتا ہے۔

* آپ کے حساب سے کتنے چھوٹے ٹماٹر مل کر کدو کو اوپر اٹھا پائیں گے؟




- دس
- بیس
- چالیس

* کتنے بڑے آم مل کر کدّو کے برابر ہو سکتے ہیں؟




* سی۔سا پر کتنے کدو مل کر آپ کے برابر ہو سکتے ہیں؟
* اپنی کلاس کے کچھ ایسے بچوں کے نام بتایئے جن کے لیے آپ سمجھتے ہوں کہ ان کا وزن

(a) تقریباً آپ کے برابر ہوگا۔

________________

(b) آپ سے زیادہ ہوگا۔

________________

(c) آپ سے کم ہوگا۔

________________

* آپ اپنے ایک ہاتھ کو سیدھا رکھتے ہوئے اس سے کتنی کتابیں اٹھا سکتے ہیں؟

## اس کے وزن کا دوگنا

گنجن کے ماں باپ یوم آزادی کو بالکل الگ انداز سے مناتے ہیں کیونکہ گنجن اسی دن پیدا ہوئی تھی۔ اس لیے وہ گنجن کے وزن سے دوگنی مٹھائی خرید کر غریبوں میں بانٹتے ہیں۔

جب گنجن پیدا ہوئی تو اس کا وزن 3 کلوگرام تھا۔ آج یوم آزادی ہے اور گنجن 5 سال کی ہوگئی ہے۔ اس کا وزن اب



28 کلوگرام ہے۔

اب اندازہ لگائیے کہ اس کے ماں باپ نے ہر یوم آزادی پر کتنے کلوگرام مٹھائیاں بانٹی ہیں۔

| گنجن کی عمر | گنجن کا وزن | مٹھائی کی مقدار |
|---|---|---|
| پیدائش کے وقت | 3 کلوگرام | 3×2 = 6 کلوگرام |
| ایک سال | 9 کلوگرام | ________ |
| دو سال | ________ | 13×2 = 26 کلوگرام |
| تین سال | 17 کلوگرام | ________ |
| چار سال | ________ | ________ |
| پانچ سال | 28 کلو | ________ |

اپنے والدین سے پوچھیے کہ 2 سال یا 4 سال کے بچے کا کتنا وزن ہوتا ہے؟

© NCERT not to be republished

## شگوٹو نے کھچڑی پکائی

شگوٹو نے ریڈیو پر ایک نئے طرح کے پکوان کے بارے میں سنا۔ وہ اس کو بنانا چاہتا ہے۔ جب اس نے اس چیز کے بنانے کا طریقہ لکھنا چاہا تب وہ چکر میں پڑ گیا۔ اس نے جو کچھ لکھا وہ کچھ اس طرح تھا۔



(1) کوکر میں 2 **چمچ** پانی ڈالیے

(2) پانی کو ابالیے اور اس میں ڈالیے

– دال کی ایک **چٹکی**

– **آدھا کلوگرام** لال پسی مرچ

– 1 پیالہ نمک

(3) **ایک چمچ** چاول ڈالیے

(4) اس میں **دو** مٹر کی پھلیاں اور **8 گلاس** سرسوں کے دانے ڈالیے

(5) آخر میں 1 کلو پیاز ڈالیے

سب کو ملائیے اور 15 منٹ تک ابالیے

لیکن شگوٹو کو محسوس ہو رہا تھا کہ ہر چیز کی مقدار بہت زیادہ گڑبڑ ہے۔!!!

* اس کی مدد کیجیے تاکہ کھچڑی بنانے کے لئے وہ چیزوں کی صحیح مقدار ملا سکے۔

| | |
|---|---|
| چاول | 1 کلوگرام |
| دال | آدھا کلوگرام |
| مٹر کی پھلی | ______ |
| پانی | ______ |
| پیاز | ______ |
| نمک | ______ |
| سرسوں کے بیج | ______ |
| لال پسی مرچ | ______ |

© NCERT not to be republished

## چلیے کچھ کرتے ہیں

A. آپ کے گھر میں جو چیزیں بازار سے خرید کرلائی جاتی ہیں اس کی ایک فہرست بنائیے۔ معلوم کیجیے کہ ہر چیز کی کتنی مقدار ایک بار میں خریدی جاتی ہے۔ یہ چیزیں چاول، تیل، پسی مرچ، چینی، دودھ، پیاز، ادرک، وغیرہ ہوسکتی ہیں۔

| چیزوں کے نام | کتنی مقداریں خریدی جاسکتی ہیں |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |

© NCERT not to be republished

B. درج ذیل چیزوں کا اندازہ لگایئے اور ملان کیجئے۔




.C



اندازہ لگایئے کہ درج ذیل میں کون سی چیزوں کا وزن 1 کلوگرام سے زیادہ ہے؟ اور کون سی چیزوں کا وزن ایک کلوگرام سے کم ہے؟



(i) آپ کے اسکول کا بستہ

(ii) جیومیٹری باکس

(iii) ایک اینٹ

(iv) ایک بڑا کدو

(v) آپ کے چپل

ایک کلو کا باٹ اور ترازو اپنی کلاس میں لے جایئے۔ تول کر دیکھئے کہ کیا آپ کے اندازے درست ہیں یا نہیں۔

© NCERT not to be republished

D. ترازو کے استعمال سے معلوم کیجیے کہ درج ذیل میں سے کون سی چیز زیادہ بھاری ہے۔



(i) پانی کی ایک بوتل یا ایک کرکٹ کی بال

(ii) آپ کے جوتے یا پنسل باکس

(iii) آپ کی ریاضی کی کتاب یا ہندی کی کتاب

(iv) آپ کا بستہ یا آپ کی دوست کا بستہ

* ایک کلو مٹی یا ریت تو لیے۔ اس کو دو برابر حصوں میں بانٹ کر دو تھیلوں میں بھریئے۔ ترازو سے تول کر دیکھئے کہ کیا دونوں تھیلوں کا وزن برابر ہے۔

مٹی کا ہر تھیلا بن گیا آدھے آدھے کلو کا باٹ اس کا استعمال کر کے اپنے اردگرد کی اور دوسری چیزوں کا وزن کیجیے۔

* ایک فہرست بنایئے۔

(i) آدھا کلوگرام سے کم وزن والی چیزوں کی۔

(ii) آدھا کلوگرام سے زیادہ وزن والی چیزوں کی۔

الگ الگ سرگرمیوں سے بچوں کو ان چیزوں کے وزن کا اندازہ لگانے میں مدد ملے گی جنہیں کہ وہ اپنے گھر یا کرائے کی دوکان پر دیکھتے ہیں۔ جانوروں کے وزن کا اندازہ لگانا ایک دلچسپ سرگرمی ہوسکتی ہے جس سے کہ انہیں زیادہ بھاری چیزوں کا بھی احساس ہوگا۔ ٹیچر کلاس میں ایک ترازو ضرور لے کر آئے اور سبھی بچوں کو خود تول کر دیکھنے کا موقع ہے۔

© NCERT not to be republished

## باٹ اور ترازو کو دیکھیے

اپنے گھر کے قریبی سبزی والے، کباڑی والے اور پرچون والے کی دوکان پر ہو کر آئیے۔ دھیان سے دیکھئے کہ وہ کسی طرح کے باٹ کا استعمال کرتے ہیں۔ پتہ لگائیے۔

(i) کون سب سے بڑا باٹ استعمال کرتا ہے؟

(ii) کون سب سے چھوٹا باٹ استعمال کرتا ہے؟

کیا آپ نے کبھی ایسے ترازو دیکھے ہیں؟

درج ذیل قسم کے باٹ آپ نے کون سی دوکان میں دیکھے ہیں۔




© NCERT not to be republished